Maulana Azad National Urdu University **Backlog**

B.A II Semester Examination - May - 2019

غزل،نظم،ڈرامہ اور افسانہ

(BAUR201CCT): Gazal, Nazm, Drama Aur Afsana

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) ''غزل اُردو شاعری کی آبروہے'' یہ کس کا قول ہے۔

(a) رشید احمد صدیقی (b) آل احمد سرور (c) عظمت اللہ خاں (d) کلیم الدین احمد

(ii) ؎ تم میرے پاس ہوتے ہو گویا جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

یہ شعر کس شاعر سے منسوب ہے؟

(a) غالب (b) ذوق (c) مومن (d) مصحفی

(iii) ''او دیس سے آنے والے بتا'' کس کی نظم ہے؟

(a) نظیرا کبرآبادی (b) مخدوم محی الدین (c) اختر شیرانی (d) علامہ اقبال

(iv) علامہ اقبال کی وفات کب ہوئی؟

(a) 1932ء (b) 1934ء (c) 1936ء (d) 1938ء

(v) اُردو کے پہلے ڈرامے کا نام بتایئے۔

(a) اندرسبھا (b) یہودی کی لڑکی (c) آگرہ بازار (d) خانہ جنگی

(vi) ''انارکلی'' کی بہن کا نام کیا تھا؟

(a) دل آرام (b) ثریا (c) رام کلی (d) مہ جبیں

(vii) ''منگو کوچوان'' کس افسانے کا کردار ہے؟

(a) ٹوبہ ٹیک سنگھ (b) نیا قانون (c) منظور (d) سرکنڈوں کے پیچھے

P.T.O

(viii) ''مادھو'' کے باپ کا نام کیا تھا؟

(a) رامو (b) ماگھو (c) گھیسو (d) شامو

(ix) ''راجندر سنگھ بیدی'' کہاں کے رہنے والے تھے؟

(a) پنجاب (b) دہلی (c) ممبئی (d) کلکتہ

(x) غزل کے سب سے اچھے شعر کو کیا کہتے ہیں؟

(a) مطلع (b) غزل مسلسل (c) بیت الغزل (d) حسن مطلع

حصہ دوم

(2) مومن کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجیے۔

(3) غالب کی زندگی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ تحریر کیجیے۔

(4) نظیر اکبرآبادی کی نظم ''روٹیاں'' کا خلاصہ قلم بند کیجیے۔

(5) نظم ''صبح آزادی'' کا موضوع کیا ہے؟ مثالوں سے سمجھائیے۔

(6) ڈرامے کی تعریف کیجیے اور اس کے اجزائے ترکیبی پر روشنی ڈالیے۔

(7) افسانہ ''اپنے دُکھ مجھے دے دو'' کے مرکزی خیال کی وضاحت کیجیے

(8) افسانہ ''چوتھی کا جوڑا'' میں عصمت نے کن مسائل کو پیش کیا ہے؟ مثالوں سے سمجھائیے۔

(9) غالب کے درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے:

ہر ایک بات پہ کہتے ہو تم کہ تو کیا ہے
تمہیں کہو کہ یہ اندازِ گفتگو کیا ہے
چپک رہا ہے بدن پر لہو سے پیراہن
ہمارے جیب کو اب حاجت رفو کیا ہے
رگوں میں دوڑتے پھرنے کے ہم نہیں قائل
جب آنکھ ہی سے نہ ٹپکا تو پھر لہو کیا ہے

حصہ سوم

(10) غزل کی تعریف کرتے ہوئے اس کے ارتقا پر روشنی ڈالیے۔

(11) نظم ''چانداور تارے'' کا خلاصہ لکھیے۔

(12) ڈراما ''انارکلی'' کے نسوانی کرداروں پر تبصرہ کیجیے۔

(13) افسانہ ''عیدگاہ'' کی تنقید پیش کیجیے۔

(14) نظم ''ایک لڑکا'' میں اخترالایمان کیا کہنا چاہتے ہیں؟ واضح کیجیے۔

☆☆☆